© rasailojaraid.com



اس کے استعمال میں غلو کو مستحسن قرار دیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ یونانی فلاسفر بھی اس کے ہم خیال ہیں۔ غلو کا مطلب کسی چیز کے استعمال میں حد کو پہنچ جانا ہے، (۱) عبدالقاہر جرجانی کا خیال ہے کہ مبالغہ اور اغراق کے بغیر شاعر کے لئے کوئی چارہ کار نہیں۔ مبالغے سے شاعرانہ فکر میں وسعت پیدا ہوتی ہے اور عقل بھی اسے پسند کرتی ہے کیونکہ سچائی شاعری میں بانجھ دوشیزہ کی طرح ہے۔ (۲) بعد میں آنے والے نقادوں نے بھی مبالغہ کو پسند کیا ہے مگر اس کے استعمال میں افراط وغلو کے بجائے اعتدال واحتیاط کو پسند کرتے ہیں۔

(جاری)

---

# ایڈیٹر برہان کا کامیاب آپریشن

پچھلے دنوں ندوۃ المصنفین کے ڈائریکٹر اور ماہنامہ "برہان" کے مرتب صاحبزادہ محترم جناب عمید الرحمٰن عثمانی کے "گلے" کا آپریشن صفدر جنگ ہسپتال دہلی میں کیا گیا۔

جناب ڈاکٹر آر ایل گپتا، ڈاکٹر سنیل چودھری، ڈاکٹر معین الدین بقائی اور جناب ڈاکٹر ضمیر احمد صدیقی کی خصوصی توجہ اور دلچسپی کے باعث الحمدللہ آپریشن ہر لحاظ سے کامیاب رہا۔

جناب عمید الرحمٰن صاحب تیزی کے ساتھ روبصحت ہو رہے ہیں۔

متعلقین اور قارئین کرام سے گذارش کی جاتی ہے کہ موصوف کی مکمل صحت یابی کے لئے خصوصی دعا فرمائیں۔ تاکہ حسب سابق دفتری نظام اور دیگر ذمہ داریوں کو سنبھال سکیں۔

(منیجر ماہنامہ برہان دہلی)

© rasailojaraid.com